Urdu/Ourdou

Education Quality and
Accountability Office

EQAO



سیکنڈری اسکول کے EQAO جائزوں کے لیے ہدایت نامہ

گریڈ 9 حساب کا جائزہ (اسسمینٹ)

اونٹاریو سیکنڈری اسکول لٹریسی ٹسٹ [Ontario Secondary School Literacy Test (OSSLT)]

اونٹاریو کے طلباء اپنی عبارت خوانی، تحریر اور حساب کی مہارتوں کے صوبہ بھر کے جائزے اپنی تعلیم کے کلیدی مراحل میں لکھتے ہیں:

گریڈ 3
عبارت خوانی، تحریر اور حساب کا، پرائمری ڈویژن کے آخر میں جائزہ لیا گیا

گریڈ 6
عبارت خوانی، تحریر اور حساب کا، جونیئر ڈویژن کے آخر میں جائزہ لیا گیا

گریڈ 9
حساب کا سیکنڈری اسکول کے سال اول میں جائزہ لیا گیا

گریڈ 10
خواندگی کا بطور گریجویشن شرط جائزہ لیا گیا

جائزوں کی نگرانی ایجوکیشن کوالٹی اور اکاؤنٹیبلٹی آفس (Education Quality and Accountability Office—EQAO) جو وزارت تعلیم کی ایک خود مختار ایجنسی ہے کے ذریعہ کی جاتی ہے۔

اس پرچے سے آپ کو دو EQAO جائزوں کو سمجھنے میں مدد ملے گی جنہیں اونٹاریو کے طلباء سیکنڈری اسکول میں لکھتے ہیں اور یہ کہ نتائج کا استعمال پڑھائی کی جانچ اور مدد کرنے کے لیے کیسے کیا جاتا ہے۔



EQAO جائزے میں کیا ہے؟

گریڈ 9 حساب کا جائزہ (اسسمینٹ)

یہ اسسمینٹ حساب کی ان مہارتوں کا جائزہ لیتا ہے جن کے بارے میں یہ توقع کی جاتی ہے کہ طلباء انہیں گریڈ 9 کے اختتام تک سیکھ چکے ہوں گے۔ اسسمینٹ کے مختلف ورژن تعلیمی اور عملی حساب کے کورسز میں روبہ عمل لائے جاتے ہیں۔

OSSLT

یہ اسسمینٹ ان خواندگی مہارتوں کا جائزہ لیتا ہے جن کے بارے میں یہ توقع کی جاتی ہے کہ طلباء انہیں گریڈ 9 کے اختتام تک تمام مضامین میں سیکھ چکے ہوں گے۔

ہر EQAO جائزہ کا ہر سوال براہ راست طور پر *اونٹاریو کے نصاب تعلیم (The Ontario Curriculum)* پر مبنی ہوتا ہے جو وہی چیز ہے جسے طلباء روزانہ درجے میں پڑھتے ہیں۔

جائزے کب انجام دیے جاتے ہیں؟

گریڈ 9 حساب کا جائزہ (اسسمینٹ)

پہلا سیمیسٹر کے حساب کے کورسز کے طلباء جائزہ کو جنوری میں دو ہفتے کی مدت کے دوران لکھتے ہیں؛ دوسرے سیمیسٹر یا کل سالی کورسز کے طلباء جائزے کو مئی کے اواخر میں یا جون کے اوائل میں دو ہفتے کی مدت کے دوران لکھتے ہیں۔ ہر اسکول جائزے کی مدت کے دوران اپنے جائزے کی تاریخیں طے کرتا ہے۔

OSSLT

ہر سال اونٹاریو بھر کے تمام طلباء ایک ہی تاریخ میں عام طور پر مارچ کے اواخر میں یا اپریل کے اوائل میں OSSLT لکھتے ہیں۔

کیا طلباء کو جائزوں کے لیے مطالعہ کرنا پڑتا ہے؟

نہیں۔ چونکہEQAO کے جائزے پورے طور پر *اونٹاریو کے نصاب تعلیم* پر مبنی ہیں انہیں خصوصی تیاری کی ضرورت نہیں ہونی چاہیے۔ طلباء صوبائی جائزوں کے فارمیٹ اور پوچھے جانے والے مختلف سوالات سے مانوس ہونے کے لیے www.eqao.com پر جاری کردہ جائزوں کے مواد کی مثالوں کا استعمال کر سکتے ہیں۔

کیا تمام طلباء کو EQAO جائزے لینا پڑتا ہے؟

گریڈ 9 حساب کا جائزہ (اسسمینٹ)

ان تمام طلباء کو جو اپنی تعلیم کے لیے کام کر رہے ہیں یا جنھوں نے گریڈ 9 حساب کریڈٹ کے لیے درخواست دیا ہو ا نہیں اس جائزے کو لینے کی ضرورت ہے۔

OSSLT

اونٹاریو سیکنڈری اسکول ڈپلومہ [Ontario Secondary School Diploma (OSSD)] کے لیے کام کرنے والے تمام طلباء کو اس جائزے کو لازمی طور پر لینا چاہیے۔

OSSLT کی کامیاب تکمیلOSSD کے لیے خواندگی کی شرط کو پوری کرنے کا ابتدائی طریقہ ہے۔ طلباء OSSLT ایک سے زیادہ بار لکھ سکتے ہیں۔ OSSLT میں ناکام طلباء اس گریجویشن کی شرط کو پورا کرنے کی غرض سے اونٹاریو سیکنڈری اسکول لٹریسی کورس [Ontario Secondary School Literacy Course (OSSLC)] کو رکھنے کے اہل ہیں۔

مخصوص تعلیم کے ضرورت مند (special education needs) طلباء کو بعض تبدیلیوں (accommodations) کی اجازت ہوتی ہے جو ان کے مستقل درجے کے جائزے کی مشقوں کے موافق ہوتی ہیں۔ انگریزی زبان سیکھنے والوں کے لیے خصوصی انتظامات کی بھی اجازت دی جا سکتی ہیں۔

EQAO کے نتائج کب اور کیسے جاری کیے جاتے ہیں؟

گریڈ 9 حساب کا جائزہ (اسسمینٹ)

نتائج اگلے اسکولی سال کے ستمبر میں جاری کیے جاتے ہیں۔

OSSLT

نتائج متعلقہ اسکولی سال کے جون میں جاری کیے جاتے ہیں۔

طلباء کو EQAO کا انفرادی طالب علم رپورٹ براہ راست طور پر اپنے اسکول سے ملے گا۔

اسکول اور اسکول بورڈز اپنے طلباء کی بہتری کی منصوبہ بندی کی اطلاع دینے میں مدد کرنے کے لیے ان کی حصولیابی کے بارے میں تفصیلی رپورٹ حاصل کرتے ہیں۔ اسکول اور بورڈ لیول کے مجموعی نتائج عوام کے لیے EQAO کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

EQAO کے نتائج کی اطلاع کیسے دی جاتی ہے؟

گریڈ 9 حساب کا جائزہ (اسسمینٹ)

حصولیابی کی اطلاع صوبہ کی حصولیابی کی چار سطحوں کے مطابق دی جاتی ہے۔ یہ وہی سطحیں ہیں جن کا اساتذہ درجے میں اور طالب علم کی حصولیابی کی اطلاع دینے کے لیے رپورٹ کارڈز میں کرتے ہیں۔ صوبائی معیار لیول 3 ہے، جو 70 تا 79 فیصد کی حد میں حصولیابی کے مطابق ہے۔ جائزے کے معیار پر پورا اترنے والے یا اس سے آگے بڑھنے والے (یعنی لیول 3 یا 4 حاصل کرنے والے) طلباء نے حساب کی زیادہ تر یا تمام معلومات اور مہارتوں کا مظاہرہ کیا ہے جن کی ان کی تعلیم کے حالیہ مرحلہ میں توقع کی جاتی ہے۔

OSSLT

OSSLT ایک اقل ترین اہلیتی جائزہ ہے۔ حصولیابی کی اس لیے بطور "کامیاب" یا "ناکامیاب" اطلاع دی جاتی ہے۔ طلباء جو کامیاب ہیں انھوں نے خواندگی کی اقل ترین سطح کا مظاہرہ کیا ہے جس کی توقع گریڈ 9 کے خاتمہ تک کی جاتی ہے۔

کیا EQAO کے نتائج طلباء کے گریڈز میں شمار کیے جاتے ہیں؟

گریڈ 9 حساب کا جائزہ (اسسمینٹ)

اس جائزہ کا شمار طالب علم کے آخری کورس کے نمبرات کی 30% تک کے لیے ہو سکتا ہے۔ اسکول اور/یا اسکول بورڈ اس بات کا فیصلہ کرتے ہیں کہ صوبائی جائزے کا شمار کیا جائے یا نہیں اور کتنے کے لیے۔

OSSLT

نتائج طالب علم کے گریڈز میں شمار نہیں ہوتے ہیں بلکہ OSSLT کی کامیاب تکمیل یا متبادل لٹریسی کورس کسی گریجویشن ڈپلومہ کے لیے ضروری ہے۔

EQAO کے جائزے کے نتائج اہم کیوں ہیں؟

طلباء کو بنیادی خواندگی اور حساب کی مہارتوں میں ہائی اسکول کے خاتمہ سے پہلے عبور حاصل کرنے کی ضرورت ہے اور صوبائی جائزوں کو تشخیص کرنے سے تمام موضوعیت کو دور کرنے کی ضرورت ہے۔ جائزے طلباء کے سیکنڈری اسکولنگ کے بہت شروع میں انجام دیے جاتے ہیں تاکہ ان لوگوں کو زیادہ تعاون فراہم کیا جا سکے جو کمترین خواندگی سطح یا صوبائی حساب کے معیار پر پورے نہیں اترتے۔ EQAO کے نتائج سے پڑھائی کے ان گوشوں کی شناخت کرنے میں مدد کرکے بہتری کی منصوبہ بندی کی اطلاع مل سکتی ہے جنہیں مزید توجہ کی ضرورت ہو سکتی ہو۔

EQAO کے نتائج اس لیے بھی اہم ہیں کیونکہ وہی صرف حصولیابی کے عوامی طور پر دستیاب ثبوت ہیں جو صوبہ بھر کے تمام طلباء کے لیے قابل موازنہ ہے۔

EQAO کے نتائج کو کیسے استعمال کیا جانا چاہیے؟

طلباء کی پڑھائی کا اندازہ لگانے اور اس بات کا تعین کرنے کے لیے طلباء کے روز مرہ کے درجے کے کام اور دیگر جائزے کی معلومات کے ساتھ ساتھ EQAO جائزے کے نتائج پر نظر ثانی کی جانی چاہیے کہ کہاں زیادہ تعاون کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ ان طلباء کے لیے جو صوبائی حساب کے معیار پر پورے نہیں اترتے ہیں یا OSSLT میں ناکام ہیں خاص طور پر اساتذہ اور والدین کے لیے اس تعلق سے گفتگو کرنا ضروری ہے کہ پڑھائی کے خلا کو پُر کرنے اور ہائی اسکول کے خاتمہ سے پہلے طالب علم کی حصولیابی کو بہتر بنانے کے لیے ساتھ مل کر کیسے کام کیا جائے۔

اونٹاریو صوبہ بھر میں جائزے کیوں انجام دیتا ہے؟

اونٹاریو تمام طلباء کے کامیاب ہونے اور سرکاری نظام تعلیم کی جواب دہی کو

- مستحکم کرنے میں تعاون پیش کرنے کے لیے تعلیمی پروگرامز اور حکمت عملیوں کی بہتری کی اطلاع دینے
- کی غرض سے صوبائی جائزے انجام دیتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے www.eqao.com دیکھیں۔

Education Quality and Accountability Office
2 Carlton Street, Suite 1200, Toronto ON M5B 2M9
www.eqao.com I 1-888-327-7377

Queen’s Printer for Ontario 2014 ©